06.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

(Music)

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو میں Pamban ورٹیکل لفٹ سمندری پل کا افتتاح کیا اور آٹھ ہزار تین سو کروڑ روپے کی مالیت کے ریل اور سڑک پروجیکٹوں کی سنگ بنیاد رکھا۔

☆ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے ملک کے چاروں کونے کو جوڑنے کی خاطر بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے لیے کافی کوششیں کی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو دو ملکوں پرتگال اور سلوواکیہ کے دورے پر روانہ ہو گئی ہیں۔

☆ معروف بھارتی ریت فنکار سدرسن پٹنائک ریت کے فن میں اپنی شاندار خدمات کے لئے باوقار فریڈ Sand Master Darrington ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے ملک کے شمال مغربی علاقوں میں اگلے چار سے پانچ روز کے دوران لو چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور، IPL کرکٹ میں حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان میچ جاری ہے۔×

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## Rev PM Tamil Nadu Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت نے گزشتہ دس برس کے دوران ملک کے چاروں کونے کو جوڑنے کی خاطر بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعظم نے یہ بات Pamban عمودی لفٹ سمندری پل کا افتتاح کرنے اور تمل ناڈو میں آٹھ ہزار 300 کروڑ روپے کے ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد رامیشورم میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو کی ترقی ملک کی

ترقی میں نمایاں تعاون پیش کرتی ہے۔

S/B - 2100 - PM -DEVELOPMENT OF TN

عمودی لفٹ سمندری پل کو 20ویں صدی کا ایک عجوبہ قرار دیتے ہوئے وزیراعظم نے اس پروجیکٹ میں کام کرنے والے انجینئرز کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ان پروجیکٹوں سے کاروبار، تجارت، سیاحت میں آسانی پیدا ہوگی اور لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قدیم رامیشورم مندر میں پوجا کرنا اور اسی دن پروجیکٹ کو ملک کے نام وقف کرنا ایک نہایت قیمتی لمحہ ہے۔ ان پروجیکٹوں کو رام نومی کا تحفہ قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے سنگم ادب میں بھگوان رام کے ذکر کو یاد کیا۔

S/B - 1605--PM MODI-- RAMESHWARAM PROJECTS

وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں سابق صدر جمہوریہ عبدالکلام کا تذکرہ کیا جو رامیشورم میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی زندگی نے ثابت کر دیا کہ سائنس کس طرح روحانیت سے وابستہ ہے۔ جناب مودی نے قدیم تمل ثقافت اور زبان کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

انہوں نے ریاستی حکومت سے اپیل کی کہ میڈیکل کے طلباء کو ان کی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دی جائے۔

S/B-2045--PM ON MEDICAL EDU IN TAMIL

جناب مودی نے کہا کہ پچھلے دس سال میں مرکز کی کوششوں سے سری لنکا کی جیلوں سے تین ہزار 700 ماہی گیروں کو رہا کیا گیا ہے۔ صرف اسی سال سری لنکا کی جیلوں سے 600 سے زیادہ ماہی گیروں کو رہا کیا گیا ہے۔×

## PREZ- PORTUGAL VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دو ملکوں پرتگال اور سلوواکیہ کے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت پرتگال کی راجدھانی Lisbon کے لیے روانہ ہوئیں۔ محترمہ مرمو پرتگال میں، صدر Marcelo Rebelo de Sousa، وزیر اعظم Luis Montenegro، اور قومی اسمبلی کے صدر Jose Pedro Aguiar-Branco کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ ان کا یہ دورہ 27 سال میں کسی بھارتی صدر کا پہلا دورہ ہے۔ اتفاق سے یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے 50 سال پورے ہونے کے موقع پر بھی ہو رہا ہے۔

سلوواکیہ میں محترمہ مرمو صدر Peter Pellegrini اور وزیر اعظم Robert Fico سے ملاقات کریں گی۔ ان کا یہ دورہ 29 سال میں بھارتی صدر جمہوریہ کا پہلا دورہ ہے۔

ان کے اس دورے کا مقصد دو طرفہ تعلقات کو وسعت دینا اور یورپی یونین کے ساتھ بھارت کی وسیع تر شراکت

داری کو فروغ دینا ہے۔×

## Amit Shah Visit Rajasthan

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج راجستھان کے Kotputli-Behror ضلع میں واقع Pawta کے مقام پر ایک مذہبی تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے Bavdi میں یوگی بابا بالناتھ کی تپوستھلی میں منعقدہ 108ویں کنڈیا رُودر مہامرتونجے مہایگیہ کے مکمل ہونے کی تقریب میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بابا بالناتھ نے عوامی فلاح و بہبود، جانوروں اور پرندوں کی خدمت، ماحولیاتی تحفظ اور سماجی ہم آہنگی کے لیے غیرمعمولی کام کیا۔ یہ ان کی ایک ایسی وراثت ہے جسے ان کے پیروکار اب بھی برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

S/B: 1700--AMIT SHAH ON BABA BALNATH-]

روایت اور روحانیت کو منانے والی اس عظیم الشان مذہبی تقریب میں راجستھان سمیت مختلف ریاستوں سے عقیدت مندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ×

## CPI M Generaw Secretary

تمل ناڈو کے مدورائی میں CPI (M) کے چوبیسویں پارٹی کانگریس کیرالہ کے سابق وزیر ایم اے BABY کو چھٹواں جنرل سکریٹری منتخب کرلیا گیا۔ تیرہ سال تک پولٹ بیورو کے رکن رہے BABY کو پولٹ بیورو کے 18 ارکان اور مرکزی کمیٹی کے 85 ارکان کے ساتھ نئی مرکزی کمیٹی کی پہلی میٹنگ میں منتخب کیا گیا۔ اس سے قبل انہوں نے کیرالہ کے وزیرتعلیم اور وزیر ثقافت کی خدمات انجام دی ہیں اور 1986 اور 1998 کے دوران راجیہ سبھا کے رکن بھی رہے۔

انہوں نے سیتا رام یچوری کی جگہ لی ہے جن کا پچھلے سال انتقال ہو گیا تھا۔X

## SUDARSHAN PATTNAIK- SAND ART AWARD

معروف بھارتی ریت فنکار سدرسن پٹنائک ریت کے فن میں اپنی شاندار خدمات کے لئے باوقار فریڈ Sand Master Darrington ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ یہ ایوارڈ انہیں انگلینڈ کے Dorset میں سینڈ ورلڈ 2025 انٹرنیشنل سینڈ آرٹ فیسٹیول کے دوران پیش کیا گیا۔ اس موقع کو یادگار بنانے کے لیے، پٹنائک نے بھگوان گنیش کا 10 فٹ اونچا مجسمہ بنایا جس میں ''عالمی امن'' کا پیغام تھا۔ یہ ایوارڈ اس سال خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ ایوارڈ مشہور برطانوی مجسمہ ساز فریڈ Darrington کے 100ویں یوم پیدائش کے موقع پر

دیا گیا ہے۔×

## BIRLA- IPU

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کل سماجی ترقی اور انصاف کے لئے پارلیمانی کارروائی کے موضوع پر منعقدہ بین پارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی 150 ویں اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے، مساوات اور سماجی شمولیت کے تئیں بھارتی آئین کے عزم کو اجاگر کیا۔ جناب برلا نے انصاف پر زور دینے کے لیے تعزیرات ہند کی جگہ بھارتی نیائے سنہیتا بل لانے کا ذکر کرتے ہوئے سماجی انصاف اور سکیورٹی کو فروغ دینے کے لیے بھارت کی قانون سازی کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی پارلیمنٹ انصاف اور قانون کی حکمرانی کو لگاتار ترجیح دے رہی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کی تیز رفتار معاشی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے اپنے ہدف کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔

انہوں نے عالمی سطح پر پارلیمانی اشتراک و تعاون بڑھانے کے لیے بین پارلیمانی یونین IPU کی ستائش کی اور کہا کہ اسمبلی کا موضوع وسودھیو کٹمبکم کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے جو کہ بھارتی فلسفے کا ایک بنیادی اصول ہے اور جس کا مطلب ہے ''دنیا ایک کنبہ ہے۔'' ×

## Punjab Former Leader Ends Fast

پنجاب میں کسانوں کے سرکردہ لیڈر جگجیت سنگھ Dallewal نے آج فتح گڑھ صاحب میں اپنی بھوک ہڑتال ختم کر دی۔ اُنہوں نے اعلان کیا کہ وہ اپنی بھوک ہڑتال ختم کردیں گے لیکن ایک نئی توانائی کے ساتھ کسانوں کی تحریک کی قیادت جاری رکھیں گے۔ کسانوں کے مطالبات کو لے کر جن میں کم ازکم امدادی قیمت کی قانونی ضمانت کے ساتھ دیگر مطالبات بھی شامل ہیں وہ نومبر 2024 سے بھوک ہڑتال پر تھے۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں Dallewal سے اپنی بھوک ہڑتال ختم کرنے کو کہا تھا۔X

## INS Trikand

بھارتی بحریہ کے جہاز آئی این ایس Trikand نے عمان کے ساحل سے تقریباً 350 بحری میل مشرق میں ایک ماہی گیر کشتی کے پاکستانی عملے کو فوری طبی امداد فراہم کی ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ بحریہ کے اسٹیلتھ فریگیٹ، آئی این ایس Trikand کو ایک ایرانی جہاز العمیدی کی طرف سے پریشانی کی کال موصول ہوئی، جہاں عملے کے

ایک رکن کو انجن کا کام کرتے ہوئے انگلیوں پر شدید چوٹیں آئیں اور اس کی حالت تشویشناک تھی۔ زخمی شخص ایک پاکستانی شہری تھا۔ شدید چوٹ اور ہاتھ فریکچر ہونے کی وجہ سے اس کے جسم سے کافی خون نکل گیا تھا۔ وزارت نے کہا کہ عملے کے ایران پہنچنے تک اُس کی صحت کو یقینی بنانے کے لیے اینٹی بائیوٹکس سمیت اضافی طبی امداد فراہم کی گئی۔×

## Ram Navami

آج ملک کے مختلف حصوں میں رام نومی کا تہوار مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کیساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار بھگوان رام کے یوم پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے جو بھگوان وشنو کے ساتویں اوتار ہیں۔ ایودھیہ میں لوگ جوش و خروش کے ساتھ رام نومی منا رہے ہیں۔

رام نگری میں رام نومی کے موقع پر شری رام جنم بھومی مندر میں خصوصی رسومات ادا کی جا رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے تمام اہل وطن کو اس مقدس تہوار کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے اُن مذہبی اقدار، عدل و انصاف اور فرائض کی دائیگی پر زور دیا۔ جن کی نمائندگی یہ تہوار کرتا ہے۔

## ISRAEL PROTESTS

ہزاروں اسرائیلی روزانہ مظاہرہ کررہے ہیں اور غزہ میں یرغمالیوں کی رہائی کیلئے حماس کے ساتھ مذاکرات کرنے کیلئے اسرائیل حکومت پر دباؤ ڈال رہے ہیں۔ یہ مظاہرے 18 مارچ سے دوبارہ شروع ہوئی اسرائیلی فوجی کارروائی کے بعد ہو رہے ہیں۔ مظاہرین کو اندیشہ ہے کہ اسرائیل کی فوجی کارروائی سے یرغمالیوں کی زندگی مزید خطرے میں پڑ سکتی ہے۔

اِسی دوران غزہ کے صحت حکام نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران اسرائیل کے فضائی اور زمینی حملے میں 60 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ تل ابیب میں ایک ریلی کے دوران مظاہرین نے اسرائیلی حکومت سے جنگ بندی اور مذاکرات کا مطالبہ کیا۔ حال ہی میں لوگوں کے درمیان کرائی گئی پولنگ سے پتہ چلا ہے کہ 69 فیصد اسرائیلی شہری یرغمالیوں کی رہائی کے بدلے تنازعے کے خاتمے کیلئے سمجھوتے کی حمایت کرتے ہیں۔×

## US Tariff Protest

امریکی کسٹم ایجنٹوں نے کئی ملکوں سے تمام درآمدات پر صدر ٹرمپ کے یکطرفہ دس فیصد محصول کو جمع کرنا شروع

کر دیا ہے۔ درآمد کنندگان کی طرف سے اداکردہ ابتدائی دس فیصد بنیادی محصول ہفتہ کی آدھی رات سے امریکی بندرگاہوں، ہوائی اڈوں اور کسٹم گوداموں پر لاگو ہو گیا۔ دس فیصد محصول سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ملکوں میں آسٹریلیا، برطانیہ، کولمبیا، ارجنٹینا، مصر اور سعودی عرب شامل ہیں۔ اس دوران امریکہ کی تمام 50 ریاستوں کے لاکھوں افراد صدر ٹرمپ کی اقتصادی پالیسیوں اور منصوبوں کے خلاف احتجاج کررہے ہیں۔ ملک بھر کی ریاستی راجدھانیوں، وفاقی عمارتوں ، کانگریس کے دفاتر، سوشل سیکوریٹی کے ہیڈ کوارٹرز، پارکوں اور سٹی ہالز میں ایک ہزار چار سو سے زیادہ مظاہرے ہوئے ہیں۔X

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے چار پانچ دنوں کے دوران گجرات، راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور پنجاب میں لوہ جیسی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ شمال مغربی بھارت، مہاراشٹر اور جنوبی جزیرہ نما خطوں میں اگلے چاردنوں میں دو سے چار ڈگری سیلسیس درجہ حرارت بتدریج اضافے اور بعد کے تین دنوں میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی پیشگوئی کی گئی ہے۔

مزید ہمارے نامہ نگار سے

V/C Adarsh Dubbing

محکمہ موسمیات کے مطابق، اگلے تین سے چار دنوں میں ملک کے شمال مغرب، وسطی، جنوبی جزیرہ نما اور مہاراشٹر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ دوسری طرف اس ماہ کی دس تاریخ تک ملک کے مشرقی حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ آج تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل، کیرالہ اور ماہے علاقوں میں بھاری بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ موسمیات ایجنسی نے اگلے پانچ دنوں کے دوران ساحلی آندھرا پردیش، Yanam اور کرناٹک کے ساتھ ساتھ مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے چھ سے سات دنوں تک انڈمان اور نکوبار جزیرے میں بھی اسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔

Adarsh کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی خبروں کیلئے میں اصغر علی۔

## Myanmar Rains Hamper Quake Relief

تیز بارش کی وجہ سے زلزلے سے متاثرہ میانما میں راحت رسانی کے کاموں میں رکاوٹ آئی ہے جس کی وجہ سے بیماریوں کے پھوٹ پڑنے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ 28 مارچ کو 7 اعشاریہ سات شدت کے زلزلے کی وجہ سے کم از

کم تین ہزار 471 افراد ہلاک اور 4 ہزار 600 سے زیادہ زخمی ہوگئے تھے جبکہ 214 افراد لاپتہ ہیں۔
Mandalay میں زلزلے مرکز کے قریب طوفانی بارش کی وجہ سے خیمے اُکھڑ گئے جس سے زلزلہ متاثرین اور ان کا سامان پانی میں بھیگ گئے مزید بارش کا امکان ہے۔ جبکہ درجہ حرارت 37 ڈگری سیلسیس تک پہنچ سکتا ہے جس سے ہیضے کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔ راجدھانی Naypitaw سمیت 6 علاقوں میں سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔X

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان میچ جاری ہے۔ سن رائزرس حیدرآباد نے گجرات ٹائٹنس کے سامنے جیت کے لیے 153 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے گجرات ٹائٹنس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 152 رن بنائے۔ محمد سراج نے چار وکٹ حاصل کیے، جبکہ سائی کشور اور پرسدھ کرشنا نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ ×

## Brazil Proposis Global Climate

برازیل نے ایک نئے بین الاقوامی ماحولیاتی تبدیلی کے کاؤنسل کی تجویز پیش کی ہے تاکہ ماحولیاتی تبدیلی کے اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن کے تحت عالمی ماحولیاتی تبدیلی کے عمل کو آگے بڑھایا جاسکے۔ نومبر 2025 میں Belem میں CDP 30 سے قبل منظر عام پر آنے والے اس منصوبے کا مقصد فیصلوں میں تیزی لانا رابطے کو بہتر کرنا اور کوششوں کو ہموار کرنا ہے۔X